سوال نمبر:4801

منجانب: جناب سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر ہاؤسنگ ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت خیبر پختونخواہ کے مختلف اضلاع میں ھاؤسنگ سکیم بنارہی ہے؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہوتو صوبہ بھر کی ہاؤسنگ سکیموں کی تفصیل ضلع وائز بتائی جائے نیز محکمہ ہاؤسنگ کے زیر کنٹرول جو سکیمیں شروع کی گئی ہیں انکی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

جواب:

(الف) ہاں یہ درست ہے کہ حکومت صوبے کے تمام اضلاع میں ہاؤسنگ سکیم بنانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ مناسب زمینوں کی نشاندہی کیلئے ڈی سی صاحبان کو خطوط لکھ دیئے گئے ہیں جنکی تفاصیل لف ہیں۔

(ب) صوبائی ہاؤسنگ اتھارٹی نے صوبے بھر میں مختلف ہاؤسنگ سکیموں کا اجرا کیا ہے۔ جس کی تفصیل درجہ ذیل ہیں۔

نمبر شمار	ہاؤسنگ سکیم کانام	ضلع	کل رقبہ	کل پلاٹ	پلاٹ سائز کی تفصیل	موجودہ صورتحال
.1	ملازئی ہاؤسنگ سکیم	پشاور	190 کنال	371	5 مرلہ کے 259 10 مرلہ کے 112	126 الاٹیز کو مورخہ 30-08-2016 کو پلاٹ حوالہ کیئے گئے ہیں۔ عنقریب بقیہ پلاٹ الاٹمنٹ کیلئے مشتہر کیئے جارہے ہیں۔
.2	سوڑیزئی ھاؤسنگ سکیم	پشاور	8500 کنال	--	--	لینڈ بنک پراپرٹی۔
.3	پشاور ماڈل ٹاؤن	نوشہرہ	117000 کنال	--	--	FWO کے ساتھ شراکت داری کی تجویز زیر عمل ہے۔ صرف سیکشن فور ہوچکا ہے۔
.4	موٹروے سٹی M-1	نوشہرہ	80000 کنال	--	--	FWO کے ساتھ شراکت داری کی تجویز زیر عمل ہے۔ صرف سیکشن فور ہوچکا ہے۔
.5	جلوزئی ھاؤسنگ سکیم	نوشہرہ	8905 کنال	8571	5 مرلہ کے 3900 7 مرلہ کے 1809 10 مرلہ کے 1694 1 کنال کے 1129 2 کنال کے 39	3757 پلاٹ الاٹ کئے گئے ہیں۔ اور بقیہ پلاٹ عنقریب الاٹمنٹ کے لئے پیش کئے جارہے ہیں۔

نمبر شمار	ہاؤسنگ سکیم کا نام	ضلع	کل رقبہ	کل پلاٹ	پلاٹ سائز کی تفصیل	موجودہ صورتحال
.6	جرما ہاؤسنگ سکیم	کوہاٹ	300 کنال	463	5 مرلہ کے 352 10 مرلہ کے 111	323 پلاٹ الاٹ کئے گئے ہیں۔ اور بقیہ پلاٹ عنقریب الاٹمنٹ کے لئے پیش کئے جارہے ہیں۔
.7	حویلیاں ٹاون شپ	ایبٹ آباد	218 کنال	219	5 مرلہ کے 156 10 مرلہ کے 63	155 الاٹیز کو مورخہ 04-01-2017 کو پلاٹ حوالہ کیئے گئے ہیں۔ عنقریب بقیہ پلاٹ الاٹمنٹ کیلئے مشتہر کیئے جارہے ہیں۔
.8	ہنگو ہاؤسنگ سکیم	ہنگو	10000 کنال	8991	3 مرلہ کے 497 5 مرلہ کے 2177 10 مرلہ کے 3274 1 کنال کے 2411 2 کنال کے 632	سکیم کو شراکت داری کی بنیاد پر تعمیر کرنے کے لئے بات چیت جاری ہے۔ صرف سیکشن فور ہو چکا ہے۔
.9	ڈھیری ذرداد	چارسدہ	187 کنال	--	--	زمین PHA کو ٹرانسفر ہو چکی ہے۔ سکیم کو بنک ہوم فنانس low cost ہاؤسنگ ماڈل کے ذریعے بنایا جارہا ہے۔

(الف)

سیریل نمبر	ضلع	جواب
1	ڈیرہ اسماعیل خان	ڈپٹی کمشنر ڈیرہ نے بتایا کہ شہر کے قرب وجوار میں کوئی سرکاری زمین دستیاب نہیں البتہ محکمہ زراعت کے پاس سیڈ فارم کی شکل میں کچھ جگہ موجود ہے
2	ہری پور	ڈپٹی کمشنر ہری پور نے آگاہ کیا کہ 649 کنال 07 مرلہ زمین موضع بکہ تحصیل ہری پور میں واقع ہے جو کہ موزوں ہے۔
3	لکی مروت	ڈپٹی کمشنر لکی مروت نے 338 کنال 02 مرلہ پر محیط تین عدد زمین کو موزوں قرار دیا ہے۔
4	چترال	ڈپٹی کمشنر چترال نے مطلع کیا کہ سرکاری زمین کا ایک بڑا حصہ موضع کاغلشت تحصیل مستوج میں دستیاب ہے، جس میں سے سکیم کے لئے زمین حاصل کی جاسکتی ہے لیکن وہاں پانی کا کوئی ذخیرہ موجود نہیں اسی وجہ سے آج تک مذکورہ زمین کو استعمال نہیں کیا جاسکا۔
5	سوات	کمشنر مالاکنڈ ڈویژن نے مطلع کیا کہ ڈپٹی کمشنر سوات نے 209 کنال 19 مرلہ موضع ڈنگرام ڈھیڑی تحصیل بابوزئی ضلع سوات حاصل کی گئی ہے، اس کے علاوہ 289 کنال 01 مرلہ مزید زمین ضلع میں مذکورہ مقصد کے لئے رکھی گئی ہے۔ مذکورہ زمین کو ریونیو ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے پراونشل ہاؤسنگ اتھارٹی کے نام منتقل کیا جاچکا ہے۔ مزید کہ ایک اور زمین کا ٹکڑا مختلف خسرہ جات کے ساتھ تقریبا 2060 کنال اور 16 مرلہ موضع بریکوٹ ضلع سوات کو منتخب کر کے سیکشن 4 لگایا چکا ہے، لیکن متعلقہ محکمہ کی طرف سے مزید اقدامات نہیں اٹھائے گئے۔
6	ٹانک	ڈپٹی کمشنر ٹانک نے محکمہ جنگلات کے کی ملکیتی زمین جو کہ ٹانک شہر سے 20 کلومیٹر دور 6791 کنال زمین موضع ڈابڑا کو تجویز کیا ہے۔
7	بنوں	ڈپٹی کمشنر بنوں نے مطلع کیا کہ تحصیل بنوں اور تحصیل ڈومیل میں 08 موزوں مقامات پر زمین موجود ہے۔
8	ہنگو	ڈپٹی کمشنر ہنگو نے مطلع کیا کہ 111 کنال 05 مرلہ سرکاری زمین دستیاب ہے۔
9	چارسدہ	ڈپٹی کمشنر چارسدہ مطلع کیا کہ موضع سردار گڑھی اور کٹوزائی بالا تحصیل شبقدر اور موضع دیوبندی اور بر بہرام ڈھیری تحصیل تنگی ضلع چارسدہ میں دستیاب ہے۔
10	بونیر	ڈپٹی کمشنر بونیر نے آگاہ کیا کہ 300 کنال زمین موضع سیاداوئی تحصیل خادوخیل دستیاب ہے جو کہ ہاؤسنگ اتھارٹی کی ملکیت ہے۔
11	بٹگرام	ڈپٹی کمشنر بٹگرام نے مطلع کیا کہ 1200 کنال زمین موضع روے تمائی میں دستیاب ہے۔
12	کوہستان	ڈپٹی کمشنر کوہستان نے مطلع کیا کہ مذکورہ مقصد کے لیے کوئی زمین موزوں نہیں ہے۔
13	شانگلہ	ڈپٹی کمشنر شانگلہ کی جانب سے کوئی بھی جگہ موزوں نہیں قرار دی گئی۔
14	نوشہرہ	ڈپٹی کمشنر نوشہرہ نے مطلع کیا کہ تحصیل نوشہرہ میں ہاؤسنگ سکیم کے لئے موزوں زمین میسر نہیں ہے۔
15	مانسہرہ	ڈپٹی کمشنر مانسہرہ نے تجویز دی کہ کسی آفیسر کو تعینات کیا جائے کہ ضلع میں موزوں جگہ کی نشاندہی کرے۔
16	تورغر	ڈپٹی کمشنر تورغر کی جانب سے کسی بھی جگہ کی نشاندہی نہیں کی گئی۔
17	مالاکنڈ	تاحال کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔
18	کرک	تاحال کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔
19	ایبٹ آباد	تاحال کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔
20	پشاور	تاحال کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔
21	صوابی	تاحال کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔
22	مردان	تاحال کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔
23	دیر لوئر	تاحال کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔
24	دیر اپر	تاحال کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔
25	کوہاٹ	تاحال کوئی جواب نہیں موصول ہوا۔